تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May,03 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں مرحوم ڈاکٹر ذاکر حسین کی پچپنویں برسی منائی گئی

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں سابق صدر جمہوریہ ہند اور سابق امیر جامعہ وشیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ مرحوم ڈاکٹر ذاکر حسین کی پچپنویں برسی جامعہ کے احاطے میں واقع ان کے مقبرے پر آج منائی جائے گی۔ان کے مقبرے پر آج ایک خصوصی دعائیہ تقریب کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں لوگوں نے شریک ہوکر انھیں خراج عقیدت پیش کیا۔

مرکزی وزیر سلمان خورشید سمیت یونیورسٹی کے طلبا، اساتذہ، غیر تدریسی عملہ اور ان کے کنبے کے اراکین نے دعائیہ تقریب میں شرکت کی اور گلہائے عقیدت نذر کیے۔

اس موقع پر قائم مقام شیخ الجامعہ پروفیسر اقبال حسین نے کہا' جامعہ ملیہ اسلامیہ کے لیے ڈاکٹر ذاکر حسین کی عظیم خدمات اوران کا انمول تعاون بے پایاں ہے۔وہ عظیم مجاہد آزادی، ماہر تعلیم، ماہر معاشیات اور بلند پایہ مفکر و دانشور تھے۔وہ بھارت سے سب سے اہم شہری اعزاز بھارت رتن سے بھی سرفراز تھے اور انھوں نے اپنی عدیم النظیر بصیرت، پختہ یقین اور یونیورسٹی، برادری اور قوم وملت کی فلاح و بہبود اوران کے رفاہ کے تئیں غیر معمولی دلچسپی سے ادارے کے مقام و مرتبے میں اضافہ کیا ہے''۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی